# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: میر و غالب کا خصوصی مطالعہ -I (5611) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- میر تقی میر کے سوانح اختصار کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال 2- کلام میر نے اپنے کلام میں صنائع بدائع کا کس قدر التزام کیا ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال 3- میر کے تصور غم کی تشکیل پذیری میں ان کے ذاتی غم و آلام کا کس قدر حصہ ہے بحث کریں۔ (20)

سوال 4- عشق میر کا ذاتی تجربہ ہے۔اس رائے کی روشنی میں میر کے تصور عشق پر بحث کریں۔ (20)

سوال 5- میر کی غزل کے فنی پہلو پر سیر حاصل تبصرہ کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- کلام میر کے مطالعے سے ان کے فکری نظام کے جو پہلو سامنے آتے ان کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال 2- جدید شاعروں پر میر کے اثرات کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 3- بطور مثنوی نگار میر تقی میر کے فن پر اظہار خیال کریں۔ (20)

سوال 4- میر شناسی کے اہم رجحانات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5- درج ذیل غزل کی اس طرح تشریح کریں کہ تمام فکری و فنی محاسن اجاگر ہوں۔ (20)

الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا